نام اور سی پی آر نمبر (لیبل)

| |
|---|
| |

**(بچوں کے لئے)**

**غیس ہسپتال کے مریضوں کا حیاتیاتی مواد محفوظ رکھنے و تحقیق کے لیےصحت کی معلومات منتقل کرنے کی رضامندی.**

غیس ہسپتال میں آپ کے معالجہ کے ضمن میں ہم بائیو بینک نامی جگہ میں آپ کے نمونوں کو محفوظ رکھنا چاہتے ہیں۔ ان نمونہ جات کو آپ کی علالت کے زُمرہ میں آنے والی بیماریوں پر مستقبل میں لیبارٹری تحقیق کرنے کے لئے استعمال میں لایا جائے گا۔ اس تحقیق کا مقصد موروثیت، انفیکشن، ماحولیاتی اثرات، طرز زندگی دیگر بیماریوں اور آپ کو لاحق بیماری کے باہمی تعلق و ارتباط پہ روشنی ڈالنا ہے۔ لیبارٹری کے تجزیات کو بہترین ممکنہ طور پہ استعمال کرنے کے لئے ہم آپ کی میڈیکل فائل سے آپ کی بیماری/ تشخیص کے متعلق معلومات کو استعمال میں لانا چاہتے ہیں۔ ہمارا ہدف آپ کو لاحق بیماری جیسی بیماری کے شکار مریضوں کی تشخیص اور معالجہ کو بہتر بنانا ہے۔

تمام تحقیقی پراجیکٹ جو بائیو بینک کے نمونے استعمال کرتے ہیں انہیں کمیٹی برائے سائنسی تحقیقی اخلاقیات (Videnskabsetiske Komité) کی منظوری سے جاری کیا جاتا ہے اور اس کا ڈیٹا کے نگران ادارہ (Datatilsynet) کے ہاں اندراج کروایا جاتا ہے۔

آپ کی بیماری کے متعلق معلومات (جواس پیراگراف میں بیان کی گئی ہیں) کا ایک حصّہ محققین کے تجزیہ کے لئے ہوگا۔ آپ کے متعلق معلومات ایسے انداز سے شامل کی جائیں گی جس سے یہ نہ ظاہر ہو کہ آپ کون ہیں (گمنام شکل میں)۔

---

میرے جیسی بیماری کے زُمرہ میں سائنسی تحقیق/ تشخیص کی غرض سے آئندہ استعمال میں لائے جانے کے لئے خون اور دیگر حیاتیاتی کا نمونوں کومحفوظ کرنے کی اجازت ہے۔

ہاں ☐ نہیں ☐

اگر آپ کو بعد میں پچھتاوا ہو اور آپ شرکت نہ کرنا چاہیں تو آپ کے فیصلہ کو تحریر کیا جانا چاہیئے۔ آپ کو ایک فارم "آپ کا ٹشو آپ کا فیصلہ" ("Dit væv, dit valg") بھر کے بورڈ برائے صحت میں ٹشو استعمال کے رجسٹر (Sundhedsstyrelsens Vævsanvendelsesregister)کو ارسال کرنا چاہیئے۔ ہسپتال کا عملہ آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ آپ پچھتا سکتے ہیں یہ آپ کے حالیہ اورمستقبل میں علاج معالجہ پر کسی طرح سے اثر انداز نہیں ہوگا۔

تاریخ:________________ دستخط:________________

رضامندی حاصل کندہ کا نام: ________________

---

**ہم ملتمس ہیں کہ مکمل شدہ اقرارنامہ ہسپتال کے عملہ کے سپرد کر دیں۔**

24 نومبر 2015

**بچوں کے لئے معلومات:مستقبل کے مریضوں کے استفادہ کے لئے تحقیق**

ہم آپ سے لئے گئے نمونوں کو مستقبل میں جسم کے مدافعتی نظام اور انفیکشنز پرتحقیق کے لئے محفوظ کرنے کے متعلق آپ کے اجازت نامہ کے بارے میں پوچھتے ہیں۔

ہم نے غیس ہسپتال میں ایک بائیو بینک شروع کیا ہے۔ یہ ایک بہت بڑا فریزر ہے جس میں ہم مریضوں سے حاصل کردہ خون کے نمونے ممکنہ طور پہ تھوک اور پاخانہ کے نمونے محفوظ کر سکتے ہیں۔ یہ نمونے آئندہ کے تحقیقی پراجیکٹوں میں استعمال کئے جائیں گے تا کہ ان مریضوں کے بارے میں مزید علم حاصل کیا جا سکے جنہیں انفیکشنز لاحق ہونے کا انتہائی شدید خطرہ درپیش ہو یا وہ پہلے ہی سے سنگین انفیکشن کا شکار ہو چکے ہوں۔
جمع شدہ نمونوں پر لیبارٹری میں تحقیق کی جائے گی۔ اس میں خود مریض (جنیاتی، پروٹینز، غذا کا توانائی میں تبدیل ہونا "stofskift" ) کی چھان بین کی جاتی ہے۔ علاوہ ازیں نمونے میں پائے جانے والےوائرس اور بکٹیریاز پہ تحقیق کی جاتی ہے۔ ہم جسمانی قوتِ مدافعت اور انفیکشنز کے بارے میں نیا علم حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں۔ لیبارٹری کے تجزیات کے بہترین ممکنہ استعمال کی غرض سے ہم آپ کی میڈیکل فائل سے آپ کی بیماری/تشخیص کی معلومات استعمال میں لانا چاہتے ہیں۔

پریس امیون بائیو بینک کے لئے خون کے نمونے علاج کے سلسلہ میں بہر صورت لئے جانے والے دیگر نمونوں کے ہمراہ لئے جائیں گے اور اسطرح فالتو سوئی چبھونے سے گریز کیا جائے گا۔ معانوں کی تین نلکیوں میں خون بھرا جائے گا۔ (2x9 ملی لیٹر اور ملی لیٹر1x3) خون کی یہ معمولی مقدار آپ کے جسم کے لئے کوئی معانی نہیں رکھتی ہے۔
خون ۔ تھوک اورپاخانہ ۔ کے نمونہ جات کے لئے آپ کی 3 تا 6 ماہ کی اجازت (رضامندی نامہ) دی جانی چاہیئے اور اس کے بعد جب تک آپ غیس ہسپتال میں زیرِ علاج ہوں یہ سالانہ طور پہ درکار ہوگی۔

نمونہ جات کا تجزیاتی مطالعہ غیس ہسپتال میں یا ہمارے شریک کار یوروپی ممالک میں کیا جائے گا۔

ہم ڈیٹا کے نگران ادارہ کے قوانین کے مطابق نمونہ جات پر کام اورانہیں محفوظ کرتے ہیں۔ ہم ذاتی معلومات کا مکمل دھیان رکھتے ہیں۔ اس سے پہلے کہ ہم بائیو بینک سےنمونہ کو استعمال کریں ہمارے لئے کمیٹی برائے تحقیقی اخلاقیات اور ڈیٹا کے نگران ادارہ کی منظوری حاصل کرنا ضروری ہوتی ہے۔

آپ کی شرکت رضاکارانہ بنیاد پہ ہے اور قطع نظر اس کے کہ آپ کیا چنتے ہیں، یہ آپ کے موجودہ اور آئندہ ہونے والے علاج معالجہ کے لئے کوئی معانی نہیں رکھتا ہے۔ اگر آپ شرکت کرنا منتخب کریں اور بعد میں پچھتائیں تو آپ کے فیصلہ کو تحریر کیا جانا چاہیئے۔ آپ نے ایک فارم "آپ کا ٹشو آپ کا فیصلہ" ("Dit væv, dit valg") بھرنا ہوگا۔ یہ فارم آپ نے بورڈ برائے صحت میں ٹشو استعمال کے رجسٹرکو ارسال کرنا ہوگا۔ اس میں ہسپتال کا عملہ آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

آپ کا شکریہ کہ آپ نے یہ معلومات پڑھنے اوربائیو بینک میں شرکت کرنے پر سوچ بچار پہ وقت صرف کیا۔

اگر آپ شرکت کرنا چاہتے ہیں اور ہمیں آپ سے حاصل کردہ نمونہ جات کو پریس امیون بائیو بینک میں محفوظ کرنے کی اجازت ہے تو آپ اس صفحہ کی پشت پر دیئے گئے رضامندی نامہ کو پُر کر کے دستخط کر دیں۔ **(حیاتیاتی مواد محفوظ رکھنے و تحقیق کے لیے صحت کی معلومات منتقل کرنے کا رضامندی نامہ)**

خیر اندیش

پر یس امیون کا عملہ

پریسی امیون کے متعلق معلومات کے حصول کے لئے چیپ (CHIP) کلینک برائے انفیکشن کے شعبہ 2100 غیس ہسپتال ,Rigshospitalet
Blegdamsvej 9, 2100 København Ø ٹیلی فون نمبر: 35455757 ای میل: persimune.rigshospitalet@regionh.dk پر رابطہ کریں